Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

5فروری2015

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

قونصل جنرل برائن ہیتھ نے امریکی ریسٹورنٹ 'کولڈاسٹون کریمری' کا افتتاح کیا

کراچی۔امریکی قونصل جنرل برائن ہیتھ نے نامور امریکی کیفے 'کولڈاسٹون کریمری' کی کراچی میں قائم ہونے والے شاخ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر امریکی قونصل خانے کے افسران، کیفے کے اہلکاروں اور زندگی کی مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

اس موقع پر منعقد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل کا کہنا تھا کہ 'سال2012 کے دوران پاکستان اور امریکا کی باہمی تجارت کا حجم5بلین ڈالر سے زائد تھا اور اب امریکا پاکستانی برآمدات کی سب سے بڑی منڈی ہے۔' ان کا مزید کہنا تھا کہ 'دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کیلیے مواقع موجود ہیں۔مجھے خوشی ہے کہ 'کولڈ اسٹون کریمری' اور اس جیسے دوسرے امریکی کاروباری ادارے پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔'

قونصل جنرل برائن ہیتھ کا کہنا تھا کہ 'امریکی قونصل خانہ پاکستانی کاروباری اداروں کو معاونت فراہم کرکے معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ مقامی افراد کیلیے ملازمتوں میں اضافے کیلیے کوشش کر رہا ہے۔پاکستان کی معاشی ترقی کیلیے حکومت کے ساتھ ساتھ نجی شعبے کو بھی اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔'

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وینس پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ کے صدر اور سی ای او عدنان اسد نے کہا کہ 'کولڈاسٹون کریمری نا صرف اعلیٰ معیار کی آئس کریم تیار کرتی ہے بلکہ صارفین اس تجربے سے بے انتہا لطف اندوز بھی ہوتے ہیں۔'

'کولڈاسٹون کریمری' کی آئس کریم ہاتھ سے تیار کی جاتی ہے اور یہ 21فلیورز میں دستیاب ہے۔امریکی ریاست ایریزونا میں قائم اس کیفے کی دنیا بھر کے 26ملکوں میں 300شاخیں ہیں۔

####